
# بہار/خزاں
# 2021

ILLINOIS
Assessment of Readiness






# مستعدی کا تخمینہ
# اسکور رپورٹ کا تشریحی
# ہدایت نامہ برائے والدین

## مشمولات کا جدول

**1.0 عمومی معلومات برائے والدین اور معلمین........................................................1**
1.1 پس منظر .................................................................................................1
1.2 IAR جائزہ.................................................................................................1
1.3 رپورٹ کے نتائج کی رازداری ...........................................................................1
1.4 اس رہنماء کا مقصد.........................................................................................1
**2.0 الینوائز اسیسمنٹ آف ریڈینیس انڈوجوئل سٹوڈینٹ رپورٹ (ISR) کو سمجھنا...............2**
2.1 IAR انڈوجوئل سٹوڈینٹ رپورٹ پر موجود سکورز کی اقسام.......................................................2
2.1.1 اسکیل اسکور.........................................................................................2
2.1.2 کارکردگی کی سطح ..................................................................................2
2.1.3 سب کلیم پرفارمنس انڈیکیٹرز ........................................................................2
2.2 نمونہ (ELA/L) ISR.........................................................................................3
2.3 نمونہ کے ISR (ریاضی)......................................................................................5
2.4 طلباء کی انفرادی رپورٹوں کی تفصیل.......................................................................7
2.4.1 عمومی معلومات......................................................................................7
2.4.2 جائزے کے مجموعی اسکورز .........................................................................7
2.4.3 سب کلیم کے زمرے کے مطابق کارکردگی ...........................................................9
2.4.4 رپورٹنگ کے زمرے کے مطابق کارکردگی...........................................................9

# 1.0 عمومی معلومات برائے والدین اور معلمین

## 1.1 پس منظر

الینوائز اسیسمنٹ آف ریڈینیس (IAR) گریڈز 8-3 میں موجود طلباء کی پراگرس کا جائزہ لیتا ہے جو الینوائز لرننگ سٹینڈرڈز اِن انگلش لینگوئج آرٹس اینڈ میتھیمیٹکس کے مطابق لیا جاتا ہے۔

## 1.2 IAR جائزہ

IAR کے بنیادی مقاصد یہ ہیں کہ طلباء کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ ریاضی اور انگریزی زبان کے فنون میں جو کچھ جانتے ہیں اس کا مظاہرہ کر سکیں؛ طلباء کے سیکھنے کے عمل میں معلمین کو معاونت فراہم کی جائے؛ تمام سطحوں پر جائزوں اور ایڈوانس احتساب میں ٹیکنالوجی کا استعمال کرنا؛ اور طلباء کو کالج اور کیریئر لیول کے لیے تیاری کی پیمائش فراہم کرنا۔

بہار/خزاں 2021 الینوائے مستعدی کا تخمینہ کو کمپیوٹر پر اور کاغذ کی صورت میں بھی فراہم کیا گیا تھا۔ انگلش لینگوئج آرٹس/لٹریسی (ELA/L) جائزے متن کا تجزیہ کرتے ہوئے مؤثر طور پر لکھنے پر مرکوز تھے۔ ریاضی کے جائزے مہارتوں اور تصوّرات کو استعمال کرنے، کئی مراحل پر مشتمل ایسے سوالات کو سمجھنے، جن میں تصوّراتی استدلال کی ضرورت تھی، اور حقیقی دنیا کے مسائل کو درستی، استقلال اور ٹولز کے باحکمت استعمال سے نمونہ کے طور پر حل کرنے پر مرکوز تھے۔ متن کے دونوں مقامات پر، طلباء نے جواب منتخب کرنے والے آئٹمز اور خالی جگہیں پر کرنے والے آئٹمز کے جواب دے کر اپنی حاصل کردہ مہارتوں اور علم کا مظاہرہ کیا۔

## 1.3 رپورٹ کے نتائج کی رازداری

IAR پر موجود طلباء کی انفرادی کارکردگی کے نتائج رادارانہ ہیں اور ان کا اجراء صرف فیملی ایجوکیشن رائیٹس اور 1974 کے پرائیویسی ایکٹ (U.S.C 20. سیکشن 1232g) کے تحت ہی کیا جا سکتا ہے۔ طلباء کی کارکردگی کا جمع شدہ ڈیٹا عام کیا جاتا ہے اور طلباء اور اساتذہ کے انفرادی ناموں کا حامل نہیں ہوتا۔

## 1.4 اس رہنماء کا مقصد

اس رہنماء میں طلباء کی انفرادی رپورٹس، اسکول کی رپورٹس اور IAR کے نتائج کے لیے فراہم کی جانے والی ڈسٹرکٹ رپورٹس کے بارے میں معلومات موجود ہیں۔ سیکشن 2.0 جس میں طلباء کی انفرادی رپورٹ کے بنیادی عناصر کی وضاحت موجود ہوتی ہے، کو والدین کے ساتھ شیئر کیا جا سکتا ہے۔ یہ حصہ والدین کو اپنے بچے کے ٹیسٹ کے نتائج سمجھنے میں مدد فراہم کرے گا۔ حصہ 3.0 اسکول اور ڈسٹرکٹ رپورٹوں کے عناصر کا خاکہ اور وضاحت فراہم کرتا ہے۔ احتسابی رپورٹنگ کے حوالے سے ریاست کی انفرادی پالیسیاں اور حساب، اسیسمنٹ رپورٹس میں استعمال ہونے والی پالیسیوں اور حساب سے مختلف ہو سکتا ہے۔

اس رہنماء میں موجود نمونہ رپورٹیں صرف وضاحت کے مقصد کے لیے ہیں۔ یہ رپورٹس اور جو معلومات وہ فراہم کرتی ہیں، اس کی بنیادی وضع قطع ظاہر کرنے کے لیے فراہم کی گئی ہیں۔ نمونہ کی رپورٹوں میں کسی بھی ٹیسٹ کا حقیقی ڈیٹا بالکل شامل نہیں کیا گیا۔

## 2.0 الینوائز اسیسمنٹ آف ریڈینیس انڈوجوئل سٹوڈینٹ رپورٹ (ISR) کو سمجھنا

### IAR 2.1 انڈوجوئل سٹوڈینٹ رپورٹ پر موجود سکورز کی اقسام

طلباء کی انفرادی رپورٹس پر IAR کی کارکردگی کو اسکورز کے پیمانوں، کارکردگی کے درجوں اور کارکردگی کے اشاریوں کے ثانوی دعووں کی مدد سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ رپورٹ کے متعلقہ حصّوں میں ریاست کے اوسط نتائج دکھائے جاتے ہیں تاکہ والدین کو یہ سمجھنے میں مدد مل سکے کہ ان کے بچے/بچی کی کارکردگی دیگر طلباء کے مقابلے میں کیسی ہے۔

#### 2.1.1 اسکیل اسکور

اسکیل اسکور ایک عددی قدر ہوتی ہے، جو طالب علم کی کارکردگی کا خلاصہ بیان کرتی ہے۔ تمام طالب علم ٹیسٹ کے سوالات کے ایک ہی سیٹ کا جواب نہیں دیتے، لہٰذا ہر طالب علم کے خام اسکور (ٹیسٹ کے سوالات میں حاصل کیے گئے حقیقی پوائنٹس) کو ٹیسٹ کی کئی اقسام اور دینے کے طریقوں میں مشکل کے ہلکے فرق کے مطابق ترتیب دی جاتی ہے۔ اس کے نتیجے میں آنے والا اسکور ٹیسٹ کی مختلف قسموں اور کسی گریڈ یا کورس میں ٹیسٹ لیے جانے کے سالوں اور مواد کے مختلف شعبہ جات کے درمیان درست موازنے کو ممکن بناتا ہے۔ IAR رپورٹیں انگریزی زبان کے فنون/خواندگی اور ریاضی کے لیے مجموعی اسکیل اسکورز بتاتی ہیں، جو کسی طالبعلم کی کارکردگی کے درجے کا تعین کرتے ہیں۔ IAR اسکیل اسکورز تمام ٹیسٹوں کے لیے 650 سے 850 کے درمیان آتے ہیں۔ اس کے علاوہ، IAR کی انگریزی زبان کے فنون/خواندگی کی رپورٹیں پڑھنے اور لکھنے دونوں کے لیے علیحدہ اسکیل اسکورز فراہم کرتی ہیں۔ IAR ریڈنگ اسکیل 10 سے 90 تک اسکیل اسکورز بتاتا ہے اور IAR کا لکھنے کا پیمانہ 10 سے 60 تک اسکیل اسکورز بتاتا ہے۔

مثلاً، اگر ایک طالبعلم، جس نے گریڈ 8 کے ریاضی کے جائزے کی ایک قسم میں 800 اسکور حاصل کیا، سے توقع کی جائے گی کہ وہ گریڈ 8 کے ریاضی کے جائزے کی کسی بھی دوسری قسم پر 800 مجموعی اسکور حاصل کرے گا۔ مزید یہ کہ، طالب علم کے مجموعی اسکور اسکیل اور تصوّرات اور مہارتوں پر دسترس کے درجے کا کسی ایسے طالب علم کے ساتھ موازنہ کیا جا سکے گا، جس نے پچھلے سال یہی جائزہ لیا تھا یا وہ لے گا۔

#### 2.1.2 کارکردگی کی سطح

کارکردگی کی ہر سطح ایک وسیع زمرہ جاتی سطح ہے، جس کا تعین طالب علم کے مجموعی اسکیل اسکور کے ذریعے کیا جاتا ہے اور اس بات کو بیان کر کے طالب علم کی مجموعی کارکردگی کی رپورٹ دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ طالب علم نے اپنے گریڈ کی سطح/کورس کے مطابق توقعات کو کتنا پورا کیا ہے۔ کارکردگی کے ہر درجے کا تعین جائزے کے کئی مجموعی اسکیل اسکورز کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ ایلینائز ایسسمنٹ آف ریڈینس کے لیے کارکردگی کے پانچ درجے ہیں:

- درجہ 5: توقعات سے بڑھ کر
- سطح 4: توقعات پر پورا اترا
- سطح 3: توقعات کے قریب پہنچا
- سطح 2: توقعات جزوی طور پر پوری کیں
- سطح 1: ابھی تک توقعات کو پورا نہیں کیا

سطوحات 4 اور 5 پر کارکردگی دکھانے والے طالب علم نے توقعات کو پورا کیا ہے یا ان سے بڑھ گئے ہیں، اگلے گریڈ کی سطح/کورس کے لیے تیاری ظاہر کی ہے اور آخر میں، کالج اور کیریئر کی جانب درست راستے پر ہونے کا زیادہ امکان رکھتے ہیں۔ ٹیسٹ میں کارکردگی کی سطحوں کے حوالے سے اضافی معلومات ضمیمہ الف میں پائی جا سکتی ہیں۔

پرفارمنس لیول ڈسکرپٹرز (PLDs) اس علم، مہارتوں اور طرز ہائے عمل کی وضاحت کرتے ہیں، جو طلباء کو آنی چاہیں اور مواد کے ہر شعبے (ELA/L اور ریاضی) اور ہر گریڈ لیول/کورس میں کارکردگی کے ہر درجے پر ظاہر کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔ https://il.mypearsonsupport.com/reporting/ PLD پر دستیاب ہیں۔

#### 2.1.3 سب کلیم پرفارمنس انڈیکیٹرز

IAR کے لیے سبکلیم پرفارمنس انڈیکیٹرز گراف کی صورت میں ایسی پیشکش کے ذریعے بیان کیے جاتے ہیں، جو ظاہر کرتے ہیں کہ طالبعلم نے مواد کے اس حصے کے لیے توقعات کو پورا یا تقریبًا پورا کرنے والے طلباء کی مجموعی کارکردگی کے مقابلے میں کیسی کارکردگی دکھائی۔

سب کلیم کارکردگی اسکیل اسکورز یا کارکردگی کے درجوں کی بجائے زمروں کے ذریعے بیان کی جاتی ہے۔

- اعلیٰ درجے کی تیاری - H کے حرف سے بیان کیا جاتا ہے **H**
- درمیانے درجے کی تیاری - M کے حرف سے بیان کیا جاتا ہے **M**
- کم درجے کی تیاری - L کے حرف سے بیان کیا جاتا ہے **L**

## 2.2 نمونہ ISR (ELA/L)

**A** **پہلا نام درمیانی آخری نام**

تاریخ پیدائش: 03/30/2006 آئی ڈی: EL07040033 **گریڈ: 7**
نمونہ ڈسٹرکٹ کا نام
نمونہ اسکول ون کا نام
الینوائز

**B** **گریڈ ELA 7** بہار/خزاں 2021

### انگریزی زبان میں آرٹس/خواندگی تخمینہ رپورٹ، 2020–2021

الینوائے لرننگ سٹینڈرڈز میں ان مہارتوں، مشمولات کے علم اور تجزیاتی سوچ کی صلاحیتوں کی وضاحت کی گئی ہے جو ہائی اسکول کے اختتام پر طلباء کو کالج اور کیریئر کی درست سمت میں جانے کی تیاری کے لیے درکار ہوتی ہیں۔ الینوائے اسیسمنٹ ریڈینس (IAR) اس بات کا تخمینہ لگاتا ہے کہ FIRSTNAME الینوائے لرننگ سٹینڈرڈز کے حساب سے کامیاب ہے۔

**C** IL والدین کے پورٹل **https://il-results.pearsonaccessnext.com** پر جائیں اور اپنے بچے کی کارکردگی کے نتائج آن لائن دیکھنے کے لیے ذیل کا کوڈ استعمال کریں۔ **jbTHBGrT4sTV**

**D**

### اسکورز کا مطلب کیا ہے؟

موجودہ تدریسی کارکردگی کی وضاحت کرنے کے لیے سٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن نے IAR اسکورز کو مہارتوں کے درج ذیل پانچ لیولز میں تقسیم کیا ہے:


- مثال کے طور پر اپنے اساتذہ سے ان مہارتوں اور تجزیاتہ سوچ کی صلاحیتوں کے بارے میں پوچھیں جو ساتویں گریڈ لیول کی لسانی فنون/خواندگی میں مہارتوں کے مختلف لیولز کی خصوصیات ہیں۔
- زیادہ مثالیں ملاحظہ کرنے کے لیے https://il.mypearsonsupport.com/reporting پر جائیں

### میں اس رپورٹ کو کیسے استعمال کر سکتا ہوں؟

اپنے اساتذہ سے درج ذیل پوچھیں:

- اس رپورٹ میں لسانی فنون اور خواندگی کے شعبوں کے حوالے سے میرے بچے کی موجودہ کامیابیوں اور مشکلات کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟
- اس سال میرے بچے کی پیش رفت کو بہتر بنانے کے لیے اساتذہ کیا کریں گے؟
- اس سال اپنے بچے کی پیش رفت کو بہتر بنانے کے لیے ہم گھر پر کیا کر سکتے ہیں؟

**E**




**F**

### آپ کے بچے کا اسکور

FIRSTNAME نے IAR 2021 پر ساتواں گریڈ میں **746** کا اسکور حاصل کیا ہے۔ یہ اسکور بچے کی حالیہ تعلیمی مہارتوں اور علم اور سیکھی ہوئی چیزوں کا نئے تعلیمی کاموں پر اطلاق کرنے کی اس کی موجودہ صلاحیتوں کا تخمینہ دکھاتا ہے۔ بلند اسکور عام طور پر لسانی فنون/خواندگی کی مضبوط علمی مہارتوں کے حصول اور اپنے علم کو زیادہ پیچیدہ تدریسی کاموں اور مسائل پر اطلاق کرنے کی بہتر صلاحیت رکھنے کی نشاندہی کرتا ہے۔

یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ آپ کے بچے کا IAR اسکور اس کی موجودہ تعلیمی ترقی کا ایک ***تخمینہ*** ہے۔ آپ کے بچے کا اسکور ***12.3*** پوائنٹس تک کم یا زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہ آپ کے بچے کا کئی مرتبہ ٹیسٹ لیے جانے پر اس کے اسکور میں ہونے والی متوقع تبدیلی ہوتی ہے۔ اسکورز میں پائے جانے والے چھوٹے موٹے تضادات کو بڑھا چڑھا کر بیان نہیں کیا جانا چاہیئے۔

یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ ماضی کی کارکردگی سے مستقبل کی تعلیمی ترقی اور کامیابیوں کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ اعلیٰ معیار کی تعلیم اور طالب علم کی ذاتی کوشش اور رغبت مستقبل کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں معاون ہو سکتی ہے۔

صفحہ 1 از 2

**پہلا نام درمیانی آخری نام**

**G**

**طالبعلم کی بڑھوتری کا صدویہ**

ایک طالبعلم کی بڑھوتری کے صدویہ میں آپ کے بچے کی تعلیمی ترقی کا موازنہ الینوائے کے دیگر بچوں کے ساتھ وقت کے لحاظ سے کیا جاتا ہے۔ بڑھوتری کا اوسط صدویہ 50 ہے۔ بڑھوتری کا 50 سے بڑا صدویہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ پیش رفت اوسط سے زیادہ ہے۔ نمو کا 50 سے کم صدویہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ پیش رفت اوسط سے کم ہے۔

اس سال آپ کے بچے کا اسکور الینوائز کے ایسے 55 فیصد طلباء کے برابر یا ان سے بہتر ہے جن کا اسکور پچھلے سال (سالوں) کے دوران تشخیص میں آپ کے بچے جیسا ہی تھا۔

## H پڑھنے اور لکھنے کی تیاری کے حوالے سے پانچ شعبوں پر ایک گہری نظر

کالج اور کیریئر کے لیے درست سمت پر چلنے کے لیے طلباء کو ہر گریڈ لیول پر کئی طرح کی مہارتیں، مشمولات کا علم اور تجزیاتی سوچ کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا پڑتا ہے۔ اساتذہ اور اسکولوں کے نصاب کی انفرادی ترجیحات، طلباء کی دلچسپیوں اور بعد از اسکول اوقات میں طلباء کی سرگرمیوں میں پائے جانے والے تضادات اور دیگر کئی عوامل کی وجہ سے سیکھنے کے اس عمل کی شرح میں فرق پایا جاتا ہے۔

آپ کے بچے کی ہر شعبہ میں کارکردگی کی حد کو **H-Higher، M-Middle** یا **L-Lower** لیول میں رکھتے ہوئے IAR ریڈنگ اور رائیٹنگ کے پانچ شعبوں میں تیاری کی وضاحت کرتا ہے۔ سنجیدہ نوعیت کے موضوعات کے بارے میں اپنے بچے کی کارکردگی کو جان کر آپ اپنے بچے کے مستقبل کی تدریسی بڑھوتری کے بارے میں اُس کے اساتذہ کے ساتھ زیادہ بہتر طور پر گفتگو کر سکتے ہیں۔

**I**

**H** — **Higher** لیول کی تیاری یہ ظاہر کرتی ہے کہ آپ اپنے استاد (اساتذہ) سے یہ پوچھیں کہ آپ کے بچے کو کیسے ترغیب دی جا سکتی ہے کہ وہ اسکول اور گھر پر زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے۔

**M** — **Middle** لیول کی تیاری یہ ظاہر کرتی ہے کہ آپ اپنے استاد (اساتذہ) سے یہ پوچھیں کہ آپ کے بچے کو کیسے مدد فراہم کی جائے کہ وہ اس شعبے میں اسکول اور گھر پر توقع سے زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے۔

**L** — **Lower** لیول کی تیاری یہ ظاہر کرتی ہے کہ آپ اپنے استاد (اساتذہ) سے ایسی اضافی معاونتوں کے بارے میں پوچھیں جو آپ کے بچے کو اسکول میں درکار ہو سکتی ہیں جن سے وہ گریڈ لیول کی توقعات پر پورا اترے اور اپنے بچے کی گھر پر مدد کے لیے آپ کو کون سے وسائل دستیاب ہیں۔

**J**

**جو طلباء ان پانچ شعبوں میں تیار ہوں، وہ کامیابی سے درج ذیل انجام دیتے ہیں:**

**H ادبی متن**

افسانہ، ڈرامہ اور شاعری پڑھنا اور ان کا تجزیہ کرنا

**L معلوماتی متن**

غیر افسانوی متن، تاریخ، سائنس اور فنون پڑھنا اور ان کا تجزیہ کرنا

**H ذخیرہ الفاظ**

الفاظ کے معانی متعین کرنے کے لیے اپنا تجربہ، سیاق و سباق اور تجزیہ استعمال کرنا

**M تحریری اظہار**


طلباء جو پڑھیں، اُس سے اچھی مربوط تحریر تیار کرنے کے قابل ہونا

**M لسانی رسوم و رواج کا علم ہونا اور انہیں استعمال کرنا**

معیاری انگریزی کے قواعد استعمال کرتے ہوئے کوئی تحریر تیار کرنا


**K**

**مجموعی عبارت خوانی**




***آپ کے بچے کا اسکور 10 تا 90 کے پیمانہ پر 55 ہے**

**مجموعی تحریر**




***آپ کے بچے کا اسکور 10 تا 60 کے پیمانہ پر 25 ہے**

**L**

صفحہ 2 از 2

## 2.3 نمونہ کے ISR (ریاضی)

ILLINOIS Assessment of Readiness

A **پہلا نام درمیانی آخری نام**

تاریخ پیدائش: 12/31/2006 آئی ڈی: MA08040042 **گریڈ: 7**
نمونہ ڈسٹرکٹ کا نام
نمونہ اسکول ون کا نام
الینوائز

B **گریڈ 7 ریاضی** بہار/خزاں 2021

# ریاضی کی تجزیاتی رپورٹ، 2020–2021

الینوائے لرننگ سٹینڈرڈز میں ان مہارتوں، مشمولات کے علم اور تجزیاتی سوچ کی صلاحیتوں کی وضاحت کی گئی ہے جو ہائی اسکول کے اختتام پر طلباء کو کالج اور کیریئر کی درست سمت میں جانے کی تیاری کے لیے درکار ہوتی ہیں۔ الینوائے اسیسمنٹ ریڈینیس (IAR) اس بات کا تخمینہ لگاتا ہے کہ FIRSTNAME الینوائے لرننگ سٹینڈرڈز کے حساب سے کامیاب ہے۔

C IL والدین کے پورٹل **https://il-results.pearsonaccessnext.com** پر جائیں اور اپنے بچے کی کارکردگی کے نتائج آن لان دیکھنے کے لیے ذیل کا کوڈ استعمال کریں۔ **C7BnWq2HcLYr**

### اسکورز کا مطلب کیا ہے؟

موجودہ تعلیمی کارکردگی کی وضاحت کرنے کے لیے سٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن نے IAR اسکورز کو مہارتوں کے درج ذیل پانچ لیولز میں تقسیم کیا ہے:

- مثال کے طور پر اپنے اساتذہ سے ان مہارتوں اور تجزیاتی سوچ کی صلاحیتوں کے بارے میں پوچھیں جو ساتویں گریڈ لیول کی ریاضی میں مہارتوں کے مختلف لیولز کی خصوصیات ہیں۔
- زیادہ مثالیں ملاحظہ کرنے کے لیے https://il.mypearsonsupport.com/reporting پر جائیں

### D میں اس رپورٹ کو کیسے استعمال کر سکتا ہوں؟

اپنے اساتذہ سے درج ذیل پوچھیں:

- اس رپورٹ میں ریاضی کے حوالے سے میرے بچے کی موجودہ کامیابیوں اور مشکلات کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟
- اس سال میرے بچے کی پیش رفت کو بہتر بنانے کے لیے اساتذہ کیا کریں گے؟
- اس سال اپنے بچے کی پیش رفت کو بہتر بنانے کے لیے ہم گھر پر کیا کر سکتے ہیں؟

E

| اسکور کی حد | ہر لیول پر طلباء کی فیصد | بچے کا اسکور |
|---|---|---|
| 850 | | |
| 786 | لیول 5 | |
| 750 | لیول 4 | |
| 725 | لیول 3 | |
| 700 | لیول 2 | 722 |
| 650 | لیول 1 | |

### F آپ کے بچے کا اسکور

FIRSTNAME نے IAR 2021 پر ساتویں گریڈ میں **722** کا اسکور حاصل کیا ہے۔ یہ اسکور بچے کی حالیہ تعلیمی مہارتوں اور علم اور سیکھی ہوئی چیزوں کا نئے تعلیمی کاموں پر اطلاق کرنے کی اس کی موجودہ صلاحیتوں کا تخمینہ دکھاتا ہے۔ بلند اسکور عام طور پر ریاضی کی مضبوط علمی مہارتوں کے حصول اور اپنے علم کو زیادہ پیچیدہ تدریسی کاموں اور مسائل پر اطلاق کرنے کی بہتر صلاحیت رکھنے کی نشاندہی کرتا ہے۔

یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ آپ کے بچے کا IAR اسکور اس کی موجودہ تعلیمی ترقی کا ایک ***تخمینہ*** ہے۔ آپ کے بچے کا اسکور ***9.1*** پوائنٹس تک کم یا زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہ آپ کے بچے کا کئی مرتبہ ٹیسٹ لیے جانے پر اس کے اسکور میں ہونے والی متوقع تبدیلی ہوتی ہے۔ اسکورز میں پائے جانے والے چھوٹے موٹے تضادات کو بڑھا چڑھا کر بیان نہیں کیا جانا چاہیئے۔

یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ ماضی کی کارکردگی سے مستقبل کی تعلیمی ترقی اور کامیابیوں کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ اعلیٰ معیار کی تعلیم اور طالب علم کی ذاتی کوشش اور رغبت مستقبل کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں معاون ہو سکتی ہے۔

صفحہ 1 از 2

7

IAR طلباء کی انفرادی رپورٹ (ISR) کو سمجھنا

IAR طلباء کی انفرادی رپورٹ (ISR) کو سمجھنا

**پہلا نام درمیانی آخری نام**

G

**طالبعلم کی بڑھوتری کا صدویہ**

ایک طالبعلم کی بڑھوتری کے صدویہ میں آپ کے بچے کی تعلیمی ترقی کا موازنہ الینوائے کے دیگر بچوں کے ساتھ وقت کے لحاظ سے کیا جاتا ہے۔ بڑھوتری کا اوسط صدویہ 50 ہے۔ بڑھوتری کا 50 سے بڑا صدویہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ پیش رفت اوسط سے زیادہ ہے۔ نمو کا 50 سے کم صدویہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ پیش رفت اوسط سے کم ہے۔

اس سال آپ کے بچے کا اسکور الینوائز کے ایسے 65 فیصد طلباء کے برابر یا ان سے بہتر ہے جن کا اسکور پچھلے سال (سالوں) کے دوران تشخیص میں آپ کے بچے جیسا ہی تھا۔

## ریاضی کی تیاری کے چار شعبوں پر ایک گہری نظر H

کالج اور کیریئر کے لیے درست سمت پر چلنے کے لیے طلباء کو ہر گریڈ لیول پر کئی طرح کی مہارتیں، مشمولات کا علم اور تجزیاتی سوچ کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا پڑتا ہے۔ اساتذہ اور اسکولوں کے نصاب کی انفرادی ترجیحات، طلباء کی دلچسپیوں اور بعد از اسکول اوقات میں طلباء کی سرگرمیوں میں پائے جانے والے تضادات اور دیگر کئی عوامل کی وجہ سے سیکھنے کے اس عمل کی شرح میں فرق پایا جاتا ہے۔

آپ کے بچے کی ہر شعبہ میں کارکردگی کی حد کو **H-Higher**، **M-Middle** یا **L-Lower** لیول میں رکھتے ہوئے IAR کے لکھنے اور پڑھنے کے چار شعبوں میں تیاری کی وضاحت کرتا ہے۔ سنجیدہ نوعیت کے موضوعات کے بارے میں اپنے بچے کی کارکردگی کو جان کر آپ اپنے بچے کے مستقبل کی تدریسی بڑھوتری کے بارے میں اُس کے اساتذہ کے ساتھ زیادہ بہتر طور پر گفتگو کر سکتے ہیں۔

I

H **Higher** لیول کی تیاری یہ ظاہر کرتی ہے کہ آپ اپنے استاد (اساتذہ) سے یہ پوچھیں کہ آپ کے بچے کو کیسے ترغیب دی جا سکتی ہے کہ وہ اسکول اور گھر پر زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے۔

M **Middle** لیول کی تیاری یہ ظاہر کرتی ہے کہ آپ اپنے استاد (اساتذہ) سے یہ پوچھیں کہ آپ کے بچے کو کیسے مدد فراہم کی جائے کہ وہ اس شعبے میں اسکول اور گھر پر توقع سے زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے۔

L **Lower** لیول کی تیاری یہ ظاہر کرتی ہے کہ آپ اپنے استاد (اساتذہ) سے ایسی اضافی معاونتوں کے بارے میں پوچھیں جو آپ کے بچے کو اسکول میں درکار ہو سکتی ہیں جن سے وہ گریڈ لیول کی توقعات پر پورا اترے اور اپنے بچے کی گھر پر مدد کے لیے آپ کو کون سے وسائل دستیاب ہیں۔

J

**جو طلباء ان چار شعبوں میں تیار ہوں، وہ کامیابی سے درج ذیل انجام دیتے ہیں:**

M **اہم مشمولات**

ناطق اعداد کے درمیان پائے جانے والے تناسبی تعلقات، جمع، منفی، ضرب اور تقسیم کے سوالات حل کرنا اور لکیری مساوات، سادہ مساوات اور عدم مساوات پر مشتمل سوالات کو حل کرنا

L **ریاضی پر مشتمل دلائل کا اظہار کرنا**

منطقی ریاضی کے حل اور تجزیے تیار کرنا اور اس کے دلائل بیان کرنا اور دیگر مسائل کے حل میں دیے جانے والے دلائل کو درست کرنا

M **اضافی اور معاون مواد**

قطر، رقبہ، سطح کا رقبہ، حجم، شماریات اور امکانات پر مشتمل سوالات کو حل کرنا

H **نمونہ سازی اور اطلاق**

حقیقی دنیا کے سوالات حل کرنا، علامات پر مشتمل سوالات حل کرنا اور بیان کرنا، مناسب مقدار میں دلائل دیتے ہوئے اور مناسب ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے منطقی طریقے سے حکمت عملی کے ساتھ انجام دینا

صفحہ 2 از 2

## 2.4 طلباء کی انفرادی رپورٹوں کی تفصیل

### 2.4.1 عمومی معلومات

**A. شناخت کی معلومات**

ایک انڈویجوئل اسٹوڈنٹ رپورٹ طالب علم کا نام، تاریخ پیدائش، اسٹیٹ اسٹوڈنٹ آئی ڈی، جائزے کے وقت گریڈ کی سطح، ڈسٹرکٹ کے نام، اسکول کے نام اور ریاست کی فہرست دیتی ہے۔ جائزے کے وقت گریڈ کی سطح بھی رپورٹ کی بائیں جانب ایک خانے میں ظاہر کی جاتی ہے۔

**B. رپورٹ کی وضاحت**

رپورٹ کی وضاحت جائزہ شدہ گریڈ لیول، مواد کا زیر جائزہ شعبہ (انگریزی زبان کے فنون/خواندگی یا ریاضی) اور جائزے کا سال فراہم کرتی ہے۔ یہ جائزے اور اسکور رپورٹ کا ایک مجموعی جائزہ بھی فراہم کرتی ہے۔

**C. والدین کا پورٹل**

انفرادی طالب علم رپورٹس میں والدین کے لیے طالب علم کی رپورٹس تک رسائی کی معلومات اور رپورٹ کے وضاحتی ویڈیوز بذریعہ IL والدین کے پورٹل کے شامل ہوتی ہے۔ والدین کے پورٹل تک رسائی یہاں کی جا سکتی ہے https://il-results.pearsonaccessnext.com والدین کے پورٹل کے سیکشن میں سائٹ میں داخل ہونے کے لیے ضروری رسائی کوڈ شامل ہوتا ہے۔ ISR.

**D. رپورٹ کو کیسے استعمال کرنا ہے**

یہ سیکشن اس بارے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے کہ والدین اس رپورٹ کو اپنے بچے کے استاد (اساتذہ) کے ساتھ بات کرنے کے لیے کیسے استعمال کر سکتے ہیں۔ والدین اور اساتذہ کے درمیان اس بات کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ ملاقاتیں ہونا اہم ہے، کہ طالب علم درست راستے پر رہنے کے لیے ضروری مہارتیں سیکھ رہے ہیں۔ والدین رپورٹ میں موجود معلومات کو اپنے بچے کی طاقتوں اور ضروریات کو سمجھنے اور اس کی تعلیم میں معاونت دینے کے لیے وسائل کی شناخت میں معلموں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

### 2.4.2 جائزے کے مجموعی اسکورز

**E. مجموعی کارکردگی کی گرافیکل نمائندگی: مجموعی اسکیل اسکور اور پرفارمنس لیول**

یہ بصری خاکہ کارکردگی کی پانچ سطحوں کو ظاہر کرتا ہے اور یہ کہ طالب علم کا مجموعی اسکیل اسکور کارکردگی کے پیمانے پر کہاں موجود ہے۔ طالب علم کے اسکور کی نشاندہی مجموعی اسکیل اسکورز، جو کارکردگی کی ہر سطح کو ظاہر کرتے ہیں، کی حدوں کے اندر کالے تکون کے ذریعے کی جاتی ہے۔ مجموعی اسکیل اسکورز کی حدوں کی نشاندہی گراف کے نیچے کی گئی ہے۔ گریڈ کے تمام درجات میں ELA/L اور ریاضی، دونوں میں کارکردگی کے درجہ 2 تک پہنچنے کے لیے اسکیل اسکور 700، کارکردگی کے درجہ 3 کے لیے 725 اور کارکردگی کے درجہ 4 کے لیے 750 ہے۔ کارکردگی کی سطح 5 تک پہنچنے کے لیے درکار اسکیل اسکور مختلف ہوتا ہے۔ کارکردگی کی ہر سطح کے لیے اسکیل اسکور کی پوری حدود کے لیے ضمیمہ A ملاحظہ کریں۔

**F. آپ کے بچے کا اسکور**

رپورٹ کا یہ حصہ آپ کے بچے کے مجموعی اسکیل اسکور اور ساتھ ہی ساتھ اگر اس نے وہ ٹیسٹ کئی مرتبہ لیا ہو، تو اس اسکور میں ممکنہ تبدیلیوں کے تخمینے کے حوالے سے معلومات فراہم کرتا ہے۔

### G. طالب علم کے فروغ کا صدویہ (SGP)

طالب علم کے فروغ کا پرسنٹائل طالب علم کے ایک سال سے اگلے تک کے اسکورز کا حساب رکھ کر طالب علم کی انفرادی پیش رفت کا اندازہ لگاتا ہے۔ 1 سے 99 کی حد کے ساتھ، زیادہ نمبر زیادہ فروغ کو ظاہر کرتے ہیں اور کم نمبر کم فروغ کو ظاہر کرتے ہیں۔ کارکردگی کی سطحوں کے علاوہ، یہ معلومات طلباء، معلمین اور نگہداشت کے فراہم کنندگان کو طالب علم کے سیکھنے کے عمل کو بہتر طریقے سے سمجھنے میں مدد دینے کے لیے فراہم کی جا رہی ہے۔ فروغ (SGP) اور طالب علم کے موجودہ اسکور، دونوں کو دیکھنے سے اس بارے میں ایک زیادہ جامع تصویر سامنے آتی ہے کہ طالب علم نے کسی سال سے اگلے تک کیا سیکھا۔

اسٹوڈنٹ گروتھ پرسنٹائل ایک طالبعلم کی کارکردگی کا ریاست کے اندر اس کے تعلیمی ساتھیوں کے ساتھ موازنہ کرتے ہیں۔ "تعلیمی ساتھی" ریاست میں وہ طالبعلم ہوتے ہیں، جنہوں نے سابقہ سالوں میں اسی طرح کا جائزہ لیا اور ملتا جلتا اسکور حاصل کیا۔ اسٹوڈنٹ گروتھ پرسنٹائل ان تعلیمی ساتھیوں کی شرح کی نشاندہی کرتا ہے، جن کے برابر یا جن سے زیادہ طالبعلم نے اسکور حاصل کیا۔

زیادہ تر ماہرین امراض اطفال کے دفاتر میں، دیوار پر لمبائی اور وزن کے لیے نشوونما کے چارٹس لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ یہ ہمیں اس بات کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ بچے کی دوسرے بچوں کی نسبت حالت کیا ہے۔ مثلاً ایک ایسا بچہ جس کی لمبائی 45 ویں پرسنٹائل پر آتی ہے اپنی عمر کے بچوں جتنا لمبا ہے یا 45% سے زیادہ لمبا ہے۔ طالب علم کے فروغ کے پرسنٹائل کی بھی اسی طرح تشریح کی جاتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ایک طالب علم کے ٹیسٹ کے اسکورز پوائنٹس کی صورت میں "توقعات کو پورا کیا" سے نیچے ہوں مگر ہو سکتا ہے کہ اس بچے کے فروغ (اسکور میں بہتری) اپنے تعلیمی ساتھیوں کی نسبت زیادہ ہو۔ اس کے برعکس، ہو سکتا ہے کہ ٹیسٹ میں زیادہ اسکور والے ایک طالب علم کے فروغ کا پرسنٹائل زیادہ نہ ہو، اگر اس طالب علم نے اپنے تعلیمی ساتھیوں کی نسبت زیادہ بہتری نہ دکھائی ہو۔

طلباء کے فروغ کا پرسنٹائل اس بات کا تعین کرنے میں زیادہ مفید ہےکہ طالب علم ہر سال کیسی کارکردگی ظاہر کر رہا ہے۔ مثلاً اگر طالب علم کا ریاضی میں کل اسکور پچھلے سال سے تبدیل ہوتا ہے، تو کیا یہ بامعنی ہے یا نہیں؟ اگر طالب علم کے فروغ کا پرسنٹائل 50 ہے، تو یہ طالب علم مثالی نشوونما ظاہر کر رہا ہے۔ کسی طالب علم کے فروغ کے 50 پرسنٹائل کا مطلب ہے کہ وہ 50 ویں پرسنٹائل میں ہے: 50% طلباء نے وقت کے ساتھ اسکورز میں کم بہتری حاصل کی اور 50% نے زیادہ یا بالکل بھی بہتری حاصل نہیں کی۔

طلباء کے فروغ کا پرسنٹائل جتنا زیادہ ممکن ہو، اتنے زیادہ ڈیٹا کے ذریعے نکالا جاتا ہے۔ طالب علم کے فروغ کو اسی طرح کے اسکورز والے تعلیمی ساتھیوں کے مقابلے میں ناپا جاتا ہے۔ مثلاً گریڈ 3 کی ریاضی اور گریڈ 4 کی ریاضی میں "توقعات کو پورا کیا" کے زمرے کے اسکورز حاصل کرنے والے طالب علم کے پرسنٹائل کی درجہ بندی اس سال کے گریڈ 5 کے ریاضی کے جائزے کے لیے ایسی ہو گی جو ان ساتھیوں کے ساتھ موازنے پر مبنی ہو گا، جو اس نے گریڈز 3 اور 4 میں ریاضی کے جائزوں میں اسی طرح کا اسکور (توقعات پر پورا اترے) حاصل کیا۔ اگر اس طالب علم کے پاس گریڈ 3 کی ریاضی کے لیے اسکور نہیں ہے، تو طالب علم کے فروغ کا پرسنٹائل اس سے ایک سال پہلے کے اسکور پر مبنی ہو گا۔ اگر یہ پہلا سال ہے، جب طالب علم نے اس جائزے میں حصہ لیا ہے، تو طالب علم کے فروغ کے صدویے کا حساب لگانا ممکن نہیں۔

طالب علم کی گریڈ 3 کے لیے اور بعض طلباء کی گریڈ 4 کے لیے انفرادی طالب علم رپورٹوں میں طلب علم کے فروغ کا صدویہ شامل نہیں ہو گا، کیونکہ ان طلباء نے سابقہ سالوں میں اس طرح کے جائزے میں شرکت نہیں کی تھی۔

### 2.4.3 سب کلیم کے زمرے کے مطابق کارکردگی

**H. سب کلیم کا زمرہ**

انگریزی زبان کے فنون/خواندگی کے لیے رپورٹنگ کے ہر زمرے کے اندر مخصوص مہارتوں کے مجموعے ہوتے ہیں، جن کا طلباء IAR میں مظاہرہ کرتے ہیں۔ ریاضی کے لیے سب کلیمز فراہم کیے جاتے ہیں، مگر وہ رپورٹنگ کے زمروں کے نیچے بیان کردہ نہیں ہوتے، کیونکہ وہ انگریزی زبان کے فنون/خواندگی کے لیے ہوتے ہیں۔ سب کلیم کے ہر ایک زمرے میں سب کلیم کی شناخت والا ایک ہیڈر، طالب علم کی کارکردگی کی نمائندگی کرنے والا ایک وضاحتی آئیکون اور اس بارے میں ایک وضاحت شامل ہوتی ہے، کہ آیا طالب علم نے سب کلیم کی توقعات کو پورا کیا ہے یا نہیں۔

**I. سب کلیم پرفارمنس کے اشارے**

ایک طالب علم کا سبکلیم زمرہ اس بات کی نمائندگی کرتا ہے کہ طالب علم نے سبکلیم میں کتنی اچھی کارکردگی دکھائی ہے۔ مجموعی اور رپورٹنگ کے زمرے کے اسکورز کی طرح ہی، ہر سب کلیم میں طالبعلم کی مہارت کی پیمائش ایک مشترکہ، ذیلی پیمائشی پیمانے کے ذریعے کی جاتی ہے۔ اس پیمانے کے درجہ 1–2 کی حد میں کارکردگی کو "کم درجے کی تیاری"، درجہ 3 میں کارکردگی کو "درمیانے درجے کی تیاری" اور درجہ 4–5 کی حد میں کارکردگی کو "اعلیٰ درجے کی تیاری" کے طور پر زمرہ بند کیا گیا ہے۔

سب کلیم کارکردگی اسکیل اسکورز یا کارکردگی کے درجوں کی بجائے زمروں کے ذریعے بیان کی جاتی ہے۔

- اعلیٰ درجے کی تیاری - H کے حرف سے بیان کیا جاتا ہے H
- درمیانے درجے کی تیاری - M کے حرف سے بیان کیا جاتا ہے M
- کم درجے کی تیاری - L کے حرف سے بیان کی جاتی ہے L

**J. سب کلیم پرفارمنس کے اشاروں کے گرافکس کی وضاحت**

ہر سب کلیم کے لیے طالبعلم کی کارکردگی کی نشاندہی ایک سب کلیم پرفارمنس انڈیکیٹر کے ذریعے کی جاتی ہے۔

- مختص کردہ سب کلیم کے لیے H کا مطلب ہے کہ طالبعلم نے "اعلٰی درجے کی تیاری" ظاہر کیا، جس کا مطلب ہے کے طالبعلم کی سب کلیم میں کارکردگی، کارکردگی کے درجہ 4 یا 5 کے مطابق مہارت کے درجے کی عکاسی کرتی ہے۔ سب کلیم کے اس زمرے میں طلباء کا زیادہ امکان ہے کہ وہ سب کلیم کے مواد کے شعبے میں مزید پڑھائی کرنے کے لیے تعلیمی طور پر اچھی تیاری رکھتے ہیں اور انہیں تعلیمی افزودگی کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- مختص کردہ سب کلیم کے لیے M کا مطلب ہے کہ طالبعلم نے "درمیانے درجے کی تیاری" ظاہر کی، جس کا مطلب ہے کے طالبعلم کی سب کلیم میں کارکردگی، کارکردگی کے درجہ 3 کے مطابق مہارت کے درجے کی عکاسی کرتی ہے۔ سب کلیم کے اس زمرے میں طلباء کو ممکنہ طور پر سب کلیم کے مواد کے شعبے میں کامیابی سے مزید پڑھائی کے لیے تعلیمی معاونت کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- مختص کردہ سب کلیم کے لیے L کا مطلب ہے کہ طالبعلم نے "کم درجے کی تیاری" ظاہر کیا، جس کا مطلب ہے کے طالبعلم کی سب کلیم میں کارکردگی، کارکردگی کے درجہ 1 یا 2 کے مطابق مہارت کے درجے کی عکاسی کرتی ہے۔ سب کلیم کے اس زمرے میں طلباء ممکنہ طور پر سب کلیم کے مواد کے شعبے میں کامیابی سے مزید پڑھائی کے لیے تعلیمی طور پر اچھی طرح تیار نہیں ہیں۔ ایسے طلباء کو سب کلیم کے مواد کے شعبے میں کامیابی بڑھانے کے لیے ممکنہ طور پر تعلیمی مدد کی ضرورت ہے۔

### 2.4.4 رپورٹنگ کے زمرے کے مطابق کارکردگی

**توجہ فرمائیں:** *ریاضی کے لیے رپورٹنگ کے زمرے شامل نہیں کیے گئے۔ اس وجہ سے ریاضی کے نمونہ ISR میں J اور K کے لیے کوئی بھی نشانات موجود نہیں ہیں۔*

**K. رپورٹنگ کا زمرہ**

انگلش لینگوئج آرٹس/لٹریسی کے لیے، رپورٹنگ کے دو زمرے ہیں، پڑھنا اور لکھنا، جن کی نشاندہی موٹی سرخی کے ساتھ کی گئی ہے۔

**L. رپورٹنگ کے زمرے کے اسکیل اسکور کے مطابق کارکردگی**

انگلش لینگوئج آرٹس/لٹریسی کی انڈویجوئل اسٹوڈنٹ رپورٹس کے لیے، طالب علم کی رپورٹنگ کے ہر زمرے میں کارکردگی مجموعی اسکیل اسکور سے ایک مختلف پیمانے پر ایک اسکیل اسکور (حصہ 2.1.1 دیکھیں) کے طور پر فراہم کی جاتی ہے۔ اس وجہ سے، رپورٹنگ کے ہر زمرے کے اسکیل اسکورز کا جمع مجموعی اسکیل اسکور کے برابر نہیں ہو گا۔ حوالے کے لیے، اس سیکشن میں رپورٹنگ کے ہر زمرے کے لیے ممکنہ اسکیل اسکورز کی حد شامل ہے (یعنی پڑھنے کے لیے 10-90 اور لکھنے کے لیے 10-60)

جیسا کہ مجموعی (یا "جمع شدہ") اسکیل اسکورز کے ساتھ ہوتا ہے، رپورٹنگ کے ہر زمرے میں طالب علم کی مہارت کی پیمائش کا ایک مشترکہ، بنیادی، پیمائشی پیمانے کے مطابق تخمینہ لگایا جائے گا۔ پڑھنے کے لیے، کارکردگی کی سطح 4 کا معیار 50 اسکیل اسکور پر رکھا گیا ہے۔ لکھنے کے لیے، کارکردگی کی سطح 4 کا معیار 35 اسکیل اسکور پر رکھا گیا ہے۔ لہذا، ایک طالبعلم کو پڑھنے میں 50 یا لکھنے میں 35 حاصل کر کے توقعات کے مطابق سمجھا جا سکتا ہے۔